نصاب تعلیم

ابتدائی، ثانوی، اعدادیہ، خصوصی معہد اور خصوصی درجات

۱۴۳۷ھ = ۲۰۱۶ء

پتہ

دفتر دار العلوم ندوۃ العلماء
ص۔ب: ۹۳۔ لکھنؤ ۲۲۶۰۰۷، یوپی، (الہند)

Darul-Uloom Nadwat-ul- Ulama
P.O.Box:93,Lucknow- 226007,U.P. (India)
E - mail: arg.nadwa@gmail.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دارالعلوم ندوۃ العلماء میں حسب ذیل تعلیمی شعبے کام کر رہے ہیں:

۱۔ درجات ابتدائی (پرائمری)　۵ سال (درجہ اطفال اس میں شامل نہیں ہے)
۲۔ درجات ثانوی (مع عربی متوسط) ۶ سال
۳۔ درجات عالیہ (عالمیت)　۴ سال
۴۔ درجات فضیلت و تخصص　۲ سال

۱۷ سال (درجہ اطفال ملا کر ۱۸ سال)

۵۔ درجہ تربیت معلمین، درجہ دعوت اسلامی، درجہ تربیت افتاء، درجات خصوصی، درجات حفظ و قراءت۔

☆ درجات ابتدائی و ثانوی میں مضامین دینیہ کے ساتھ ساتھ ضروری عصری مضامین اور اردو و عربی کے ساتھ انگریزی اور ہندی کی بھی تعلیم دی جاتی ہے۔

☆ درجات عالیہ و فضیلت میں فقہ، حدیث اور تفسیر کی تعلیم جامعات اسلامیہ کا مروجہ نصاب کا پورا لحاظ کرتے ہوئے دی جاتی ہے، نیز عربی ادب اور ثقافت اسلامی کے ضروری مضامین سے بھی کما حقہ واقفیت کرائی جاتی ہے۔

☆ مذکورہ بالا تعلیم کے علاوہ معلمین کی تربیت اور داعیوں کی تعلیم و تدریب کا بھی بندوبست ہے، جس میں تعلیم کے لئے دارالعلوم ندوۃ العلماء سے فارغین میں سے طلبہ کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

☆ عصری تعلیم سے فارغ کالجوں کے طلبہ کے لئے خصوصی درجات کا نظم علاحدہ ہے، جن کو ایک مخصوص پانچ سالہ نصاب کے ذریعہ عالم دین بننے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔

۱۔ داخلہ کے بعض ضروری قواعد

☆ دارالعلوم کا تعلیمی سال شوال سے شروع ہوتا ہے۔

☆ دارالعلوم ۶؍ شوال کو بشرطیکہ تعطیل کا دن نہ ہو، باقاعدہ کھل جائے گا، جدید داخلوں کا

سلسلہ اسی روز سے شروع ہو جائے گا، جو عام حالات میں صرف دو ہفتے تک جاری رہے گا۔

☆ دار العلوم میں داخلہ اور وظیفہ دونوں کے لئے پہلے سے اس کی باضابطہ منظوری لینا ضروری ہے، اس مقصد کے لئے طالب علم یا اس کے سرپرست دفتر دار العلوم سے مطبوعہ فارم حاصل کر کے خانہ پری کے بعد ۲۵؍شعبان تک دفتر میں جمع کر دیں، رمضان میں حسب گنجائش منظوری یا عدم منظوری کا فیصلہ کر کے اطلاع دے دی جاتی ہے، لہذا باضابطہ منظوری کی اطلاع ملے بغیر داخلہ کی غرض سے دار العلوم ہرگز نہ آئیں۔

☆ جس جماعت میں طالب علم داخل ہونا چاہے گا اس جماعت سے قبل سال کی ختم شدہ تعلیم کا امتحان لے کر داخلہ دیا جائے گا، لہذا نصاب تعلیم دیکھ کر ہی فارم پر کریں۔

☆ درجہ ابتدائیہ کی جماعت اول میں وہ طلبہ لئے جائیں گے جن کی عمر ۱۰ سال سے زیادہ اور ۶ سال سے کم نہ ہو، جو طلبہ دوسرے تیسرے یا اوپر کے درجہ میں داخل ہونے کی لیاقت رکھتے ہوں گے ان کی عمر کا حساب ان کی ختم شدہ خواندگی کے لحاظ سے کیا جائے گا، مگر خاص حالات میں کسی طالب علم کو مہتمم دار العلوم اس قاعدہ سے مستثنیٰ کر سکتا ہے۔

☆ درجہ حفظ میں وہی طلبہ داخل ہو سکیں گے جو کم از کم تین پارے حفظ کر چکے ہوں، اس سے کم کی صورت میں درجہ حفظ میں داخلہ نہیں ہوگا، نیز طالب علم کی عمر ۱۱؍سال سے اوپر نہ ہو۔

☆ ہر امیدوار کو ایک چھپے ہوئے فارم کی خانہ پری کرنا ہوگی۔ یہ فارم داخلہ منظوری فارم کے علاوہ ہوگا۔

☆ مندرجہ بالا فارم مہتمم دار العلوم کے پاس پیش ہوگا، مہتمم بذات خود یا کسی دوسرے مدرس کے ذریعہ امیدوار کی لیاقت کا امتحان لے گا، ممتحن کی رپورٹ کی روشنی میں اس کے تجویز کردہ درجہ میں داخلہ ہوگا۔

☆ اگر کسی طالب علم کا نام کسی سبب مثلاً غیر حاضری وغیرہ سے خارج ہو گیا ہو تو بعد

منظوری مہتمم دوبارہ داخلہ فیس ادا کر کے داخل ہو سکے گا، بجز ایسی صورت کے کہ وہ ممنوع الادخال قرار دیا گیا ہو، دوبارہ داخلہ کے وقت پچھلے مطالبات کی ادائیگی ضروری ہوگی۔

۲- حاضری

☆ ہر طالب علم کے لئے لازم ہوگا کہ وہ روزانہ اپنے درجہ کے گھنٹوں میں حاضر ہو۔

☆ اگر کوئی طالب علم معذور ہو تو اس کو ایک دن یا اس سے زیادہ کی رخصت کے لئے ایک درخواست مہتمم دار العلوم کی خدمت میں پیش کرنا ہوگی، درخواست پر ناظر دار الاقامہ کی (اگر طالب علم دار الاقامہ میں رہتا ہو) ورنہ اس کے سرپرست کی تصدیق ہونی چاہئے۔ (معہد کا طالب علم ناظر معہد کو درخواست پیش کرے گا)۔

☆ پانچ روز کی متواتر غیر حاضری پر نام موقوف کر دیا جائے گا، اور دس روز متواتر بلا اجازت غیر حاضری پر طالب علم کا نام دار العلوم سے خارج کر دیا جائے گا۔

☆ جو طالب علم اکثر غیر حاضر رہتا ہو، جس کے چال چلن خراب ہوں یا حکم عدولی یا گستاخی کرے اس کو مہتمم فہمائش و تنبیہ کرے گا، اگر یہ موثر نہ ہوا تو اس کا نام دار الاقامہ، یا دار الاقامہ و دار العلوم دونوں سے خارج کر سکتا ہے، اور اگر ضرورت ہو تو آئندہ کے لئے ممنوع الادخال قرار دے سکتا ہے۔

☆ جس طالب علم کا نام دار العلوم سے خارج ہوگا وہ دار الاقامہ سے فوراً خارج کر دیا جائیگا، اور محرر دار العلوم اس کی اطلاع ناظر دار الاقامہ کو دے گا۔

۳- دار الاقامہ

☆ دار الاقامہ میں صرف وہی طلبہ قیام کر سکتے ہیں، جو بہ ادائے فیس یا بمد وظائف کھانا کھاتے ہوں، کسی خاص حالت میں طالب علم کو صرف قیام کی اجازت دی جا سکتی ہے، بشرطیکہ وہ دار الاقامہ اور روشنی وغیرہ کی فیس ادا کرے، جو عام حالات میں 25/ روپیہ ماہنامہ ہوگی، اس قسم کی اجازت کا اختیار مہتمم کو ہوگا، جسے وہ دار العلوم اور دار الاقامہ کی مصلحت کو سامنے رکھتے ہوئے استعمال کرے گا۔

☆ طلبۂ دارالاقامہ کو ناظر کی اجازت کے بغیر دارالعلوم کے احاطہ سے باہر جانے کی اجازت نہ ہوگی، خلاف ورزی کی صورت میں ناظر مناسب سزا تجویز کریگا، متواتر خلاف ورزی کی صورت میں ان کے نام مہتمم کے سامنے اس غرض سے پیش کرے گا، کہ وہ ان کو دارالاقامہ سے خارج کردے۔

☆ عموماً طلبہ کو بغرض تفریح وخرید اشیاء بعد نماز جمعہ تا نماز مغرب دارالاقامہ سے باہر جانے کی اجازت دی جاتی ہے، نگراں دارالاقامۃ اپنی صوابدید سے اجازت دیتا ہے۔

☆ طلبۂ دارالاقامہ کو مہتمم کی اجازت کے بغیر انجمن کے جلسوں کے علاوہ کوئی غیر معمولی جلسہ منعقد کرنے، یا کسی بیرونی مہمان کو پارٹی مدعو کرنے، یا کسی غیر استاد کو تقریر کی دعوت دینے کا اختیار نہ ہوگا۔

۳-دارالاقامہ کے اندر رہنے والے طلبہ کے لئے ضروری سامان

دارالاقامہ میں قیام کرنے والے طالب علم کے لئے کم از کم چھ جوڑ کپڑے، دو چادریں، ایک تکیہ وبستر، ایک مچھردانی کے علاوہ چند برتن مثلاً پلیٹ، پیالے، چھوٹی پتیلی، ناشتہ دان کم از کم تین ڈبوں کا ہونا ضروری ہے، سونے کے لئے تخت لکھنو پہونچکر خریدا جاسکتا ہے۔

۴-مجالس طلبہ

☆ الاصلاح: طلبۂ دارالعلوم کی ایک علمی مجلس ہوگی، اس کا نام ’’جمعیۃ الاصلاح‘ ہوگا۔ اس مجلس کا صدر مہتمم دارالعلوم ہوگا۔

☆ طلبہ میں عملی وانتظامی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے اس مجلس کے انتظامات طلبہ کے ہاتھوں انجام دیئے جایں گے۔

☆ صدر اپنی معاونت کے لیے کسی استاد کو مقرر کرے گا، جو ’’مربی‘‘ کہلائے گا۔

☆ النادی العربی: عربی تقریر وتحریر اور مطالعہ کا ذوق ومشق بڑھانے کے لیے طلبہ کی ایک

علاحدہ انجمن ''النادی العربی'' ہوگی جو دارالعلوم کے شعبۂ ادب کے زیرنگرانی کام کرے گی اور شعبہ کا استاداول اس کا صدر ہوگا۔

☆ ''النادی العربی'' کی طرف سے ہر ہفتہ جمعرات کے روز عربی جلسے منعقد ہوا کریں گے جن میں تمام طلبائے دارالعلوم کی شرکت ضروری ہوگی۔

ضروری انتباہ

☆ ہر طالب علم کے لیے نماز جماعت سے پڑھنا لازمی ہے، اس کے لیے مہتمم یا ناظر کو حاضری لینے اور تنبیہ کرنے کا اختیار ہے۔

☆ طلباء کا غیرشرعی وضع بنانا قابل مواخذہ جرم ہے، اگر ناظر کی فہمائش، تنبیہ وممانعت کے باوجود کوئی طالب علم اس کا مرتکب ہوا تو اس کو دارالاقامہ اور دارالعلوم دونوں سے خارج کرنے کی سزا دی جاسکتی ہے۔

☆ ہر طالب علم سے ورزش کے لیے -/10 روپے سالانہ فیس لی جائے گی، بعد نماز عصر طلبہ احاطہ کے اندر قبل مغرب تک کھیلا کریں گے اور اذان مغرب سے دس منٹ پہلے کھیل بند کردیا جائے گا۔

☆ وسط سال میں طلبۂ دارالعلوم کا باقاعدہ تحریری امتحان ہوگا اور اختتام سال پر سالانہ امتحان ہوگا۔

☆ بہ لحاظ ایام تعلیم کے جن طلبہ کی سالانہ حاضری کا اوسط ۷۵ فیصد سے کم ہوگا یا جو طلبہ بلا اجازت مہتمم ششماہی امتحان میں شریک نہ ہوں گے ان کو سالانہ امتحان میں شرکت کا موقع نہیں دیا جائے گا۔ ضرورت سمجھی جائے گی تو ماہوار جانچ کا بھی نظم کیا جائے گا۔

☆ ششماہی امتحان میں ہر مضمون کا امتحان ۲۰ نمبروں میں اور سالانہ امتحان ۸۰ نمبروں میں ہوا کرے گا۔ کامیابی کے لیے دونوں امتحانوں کے نمبروں کا مجموعہ ۴۰ ہونا چاہیے، ضرورت ہوئی تو نمبروں کی تقسیم میں تبدیلی لائی جائے گی۔

☆ دارالعلوم کے کسی طالب علم کو یہاں کے زمانہ تعلیم میں کسی دوسری جگہ پڑھنے یا کسی

دوسرے امتحان کے لیے تیاری کرنے کی مطلق اجازت نہ ہوگی۔ اس کی خلاف ورزی پر اس کو دارالاقامہ اور دارالعلوم دونوں سے خارج کر دیا جائے گا۔

۵۔ وظائف

☆ ایسے غیر مستطیع طالب علموں کو جو خود یا ان کے ولی، دارالاقامہ کے مصارف برداشت نہیں کر سکتے بشرط گنجائش دارالعلوم کی طرف سے دارالاقامہ کے مصارف کے لیے وظیفہ دیا جا سکتا ہے۔ یہ وظیفہ عربی خواں طلبہ کے لیے مخصوص ہوگا جو بالعموم درجہ عالیہ اولیٰ اور اس کے اوپر درجہ کے طالب علم کو دیا جائے گا۔

☆ جو غیر مستطیع طالب علم امتحان سالانہ میں ناکام رہے گا اس کا وظیفہ آئندہ سال جاری نہ کیا جائے گا۔

☆ وظیفہ حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ طالب علم اولاً اپنے مقام سکونت کی دو معزز شخصیتوں کی تحریری تصدیق حاصل کر کے داخل کرے۔ یا مجوزہ فارم پر ان سے تصدیق لکھوائے۔

☆ اس وظیفہ کی مدت صرف ایک سال کی ہوگی۔ آئندہ سال کے لیے جو طلبہ سالانہ امتحان میں کامیاب ہوں گے اور ان کی اخلاقی، دینی اور تعلیمی حالت سے مہتمم دارالعلوم مطمئن ہوگا ان کے وظیفہ کی توسیع کر دی جائے گی، بصورت دیگر توسیع نہ ہوگی۔

☆ ورزش، دارالمطالعہ، روشنی وغیرہ کی معمولی فیس وظیفہ میں شامل نہ ہوگی، بلکہ طالب علم کو خود ادا کرنی ہوگی۔

☆ دو طالب علم ایک جگہ کے لیے کوشش کریں تو اس کو ترجیح دی جائے گی جو اپنے وطن کے اکثر معززین کی تصدیقی تحریر پیش کرے یا اس کی علمی، دینی یا کوئی دیگر خصوصیت اس کو ترجیح دینے کی داعی ہو۔

☆ غیر مستطیع طلبہ کے سرپرستوں کو ایک تحریر دینا ہوگی کہ طالب علم فراغت کے بعد فضیلت میں داخل ہونے کی صورت میں تعلیم مکمل کئے بغیر دارالعلوم نہ چھوڑے گا

اِلاّ یہ کہ کوئی مجبوری پیش آجائے، جو واقعی معقول ہو اور جس کو دارالعلوم بھی تسلیم کرے، اگر کوئی طالب علم کسی شر یا ہنگامہ میں شریک ہوگا یا کسی بداخلاقی یا اساتذہ کے ساتھ گستاخی کا ارتکاب کرے گا تو وہ طالب علم ان تمام اخراجات کے ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا جو اس وقت تک ندوۃ العلماء اس طالب پر صرف کر چکا ہے

٦۔ اوقات تعلیم

☆ تعلیم کا وقت پانچ گھنٹے چالیس منٹ ہوگا جو سات حصوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر حصہ تقریباً ٥٠ منٹ کا ہوگا اور جب تعلیم دو وقت کی ہوا کرے گی تو سات تعلیمی گھنٹوں کے علاوہ درمیان میں ظہر کے وقت نماز کے لیے چھٹی ہوگی۔

☆ معہد متوسط سے ثانویہ خامسہ تک روزانہ آٹھ تعلیمی گھنٹے ہوا کریں گا، درمیان میں ٢٠ منٹ کا انٹرول بھی ہوگا۔

☆ دارالعلوم میں چھوٹے بچوں کے درجات (اطفال تا پنجم) معہد ابتدائی اور ششم تا یازدہم ثانوی شمار ہوتے ہیں۔

چھوٹے طلبہ کے دارالاقامہ سے متعلق ضروری معلومات

☆ ثانویہ اولیٰ تا ثانویہ خامسہ کی تعلیم کا نظم معہد دارالعلوم واقع سکروری میں ہے۔

☆ ابتدائی درجات کی تعلیم اب صرف مکاتب شہر میں ہوتی ہے۔

☆ ابتدائی درجات کی تعلیم کا نظم دارالاقامہ میں قیام کے ساتھ صرف معہد سیدنا ابی بکر مہپت مئو میں ہے۔

☆ کم سے کم دس سال کا بچہ جو اپنی ضروریات خود پوری کرلیتا ہو، دارالاقامہ میں داخل کیا جاسکتا ہے۔

☆ دس سال سے زیادہ عمر والا بچہ چھوٹے طلبہ کے دارالاقامہ میں نہیں لیا جائے گا

☆ بستر پر پیشاب کردینے والا بچہ یا گھر یاد کرکے مسلسل رونے والا بچہ دارالاقامہ میں

نہیں رکھا جا سکتا۔

☆ چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال اور خدمات پر مرد ہی مامور ہیں۔ عورتوں کا انتظام نہیں ہے۔

☆ کپڑے ہر بچہ کے پاس کم سے کم چھ جوڑ ہونا مناسب ہے تاکہ دو جوڑ دھوبی کے پاس ہوں تو دو جوڑ بچہ استعمال میں رکھے اور دو جوڑ وقتی ضرورت کے لیے محفوظ ہوں، گرمیوں کے لیے کرتا پائجامہ، ٹوپی، بنیائن، اور جاڑوں کے لیے یہی کپڑے قدرے موٹے ہوں یا اونی ہوں، ایک اچھا سوئٹر، موزے، مفلر، اور ممکن ہو تو چسٹر یا شیروانی بھی ہو۔

☆ بش شرٹ اور پتلون کی اجازت نہیں ہے۔ یہ لباس یہاں منع ہے۔

☆ جوتے ایک جوڑ چمڑے کے، ایک جوڑ کینوس کے ورزش کے لیے اور ایک جوڑ چپل وضو کے لیے ہونا چاہئے۔

☆ جملہ سامان رکھنے کے لیے ایک صندوق جو بڑا نہ ہو۔

☆ تخت ۵ فٹ لمبا، ڈھائی فٹ چوڑا ہو

☆ ایک ناشتہ دان کم از کم تین ڈبوں کا، ایک چھوٹا لوٹا، چمچہ، تامچینی کی رکابی، اور ایک پیالہ، پانی پینے کا گلاس

☆ بستر میں گرمیوں کے لیے دری، تکیہ، دو غلاف اور چادریں، مگر چادریں دارالاقامہ کے نگراں کے ذریعہ ہی خریدی جائیں تاکہ یکسانیت رہے، جاڑوں میں معقول توشک و رضائی کی بھی ضرورت ہوگی، کیونکہ سردی یہاں سخت ہوتی ہے۔

☆ مصارف بوقت داخلہ زر ضمانت -/900 روپے، الاصلاح -/25، ورزش -/20 روپے، شناختی کارڈ -/25، ایک ماہ کی فیس طعام -/900 روپے، بجلی -/100 روپے، امتحان -/100، کتبخانہ -/25، جملہ مصارف -/2095 روپے (یہ مصارف بڑے چھوٹے سب کے لیے ہیں) گرانی بڑھنے پر اگر درمیان سال فیس میں اضافہ ہوا تو اضافہ دینا ہوگا۔

☆ ہر ماہ (Rs. 1000) روپے بھیجنے ہوں گے جس میں 900 روپے فیس طعام، -/100 روپے برائے مصارف بجلی ہوں گے۔

☆ ناشتہ کے لیے کینٹین کا نظم ہے، اس کے مصارف طالب علم خود برداشت کرے گا۔

☆ جو طالب علم اپنا ناشتہ خود تیار کر سکتا ہو تو اس کو اس کی اجازت ہوگی۔

☆ بچے کے جملہ مصارف انگریزی ماہ کے حساب سے ۵؍تاریخ تک وصول ہو جانا ضروری ہیں۔ اگر ۱۵؍تاریخ تک مصارف وصول نہ ہوئے تو مجبوراً بچے کو واپس کیا جاسکتا ہے۔

☆ معہد ابتدائی کے کسی بھی بچہ کے مصارف کا پیسا کسی دوسرے طالب علم یا استاد کے پاس ہرگز نہ رہے گا۔ ضرورت ہو تو نگراں کے پاس اپنے پیسے رکھے۔

☆ ابتدائی درجات کے طلبہ کے سرپرست کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ جملہ رقوم براہ راست مہتمم معہد سیدنا ابی بکر مہپت مئو ڈاک خانہ کاکوری ضلع لکھنؤ کو بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں یا براہ راست پہونچائیں۔

نوٹ:

پرائمری درجات کے طلبہ کے لئے دارالاقامہ کا نظم صرف معہد سیدنا ابی بکر مہپت مئو میں ہے۔

درجہ اطفال Infant Class

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ عربی قاعدہ وقرآن مجید	حروف شناسی، قاعدہ بغدادی سورہ الفاتحہ وسورہ اخلاص حفظ	۱۲
۲۔ دینیات وتربیتی مضمون	کلمۂ طیبہ۔ تعوذ بسملہ۔ کلمات تسبیح فاطمی (زبانی یاد کرانا) بچوں کو آسان زبان میں اخلاقی کہانیاں سنانا	۶
۳۔ اردو	حروف شناسی (قاعدہ اردو حروف) حروف تہجی کی مشق تختی پر	۶ ۶
۴۔ حساب:	پچاس تک گنتی لکھنا و گننا	۶
۵۔ سماجی علوم:	والدین اور بڑوں کا ادب۔ تعلق والوں کے ساتھ اخلاق برتنا، جسم کی صفائی خاص کر ناخن، دانت، بالوں اور ناک کی صفائی کی عملی تربیت	۶
۶۔ ورزش:	کھیل و پی ٹی کی آسان مشقیں کرائی جائیں	۶
		۴۸

نوٹ: اس درجہ میں داخلہ کے لیے شرط ہے کہ بچہ ہر ایک سے بے تکلف بات چیت کرتا ہو، نیز بچہ پاخانہ پیشاب سے خود سے فارغ ہو لیتا ہو۔

(انٹرول میں طلبہ مدرسہ ہی میں رہیں گے)

درجۂ اول Class I

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ قرآن مجید	عربی قاعدہ، یسرنا القرآن یا نورانی قاعدہ سورۃ الفیل سے سورۃ الناس تک حفظ	۶
۲۔ دینیات	کلمۂ طیبہ، کلمۂ شہادت، پوری نماز مع التحیات، دعائے قنوت ودرود شریف ووضو ونماز کی عملی مشق	۶
۳۔ تربیتی مضمون:	بچوں کو آسان زبان میں اخلاقی کہانیاں سنانا۔ قصص الانبیاء از امۃ اللہ تسنیم اور اچھے قصے از ڈاکٹر ارشد حسین (صرف استاد کے لیے) اللہ کے رسولؐ، از حکیم شرافت حسین (بچوں کے لیے)	۶
۴۔ اردو	ہماری زبان پرائمر، شائع کردہ دینی تعلیمی کونسل یا اردو زبان کا قاعدہ از مولوی محمد اسمٰعیل میرٹھی، اردو نقل واملا وخوش خطی تختی یا کاپی پر	۶ ۶
۵۔ حساب:	کتاب (حساب درجہ اول) اعادہ سو تک گنتی، پہاڑہ ۱ سے ۱۰ تک، معمولی جوڑ اور گھٹاؤ، معمولی ضرب	۶
۶۔ سماجی علوم:	گھر، خاندان، مدرسہ، مسجد، محلہ، بازار پر زبانی گفتگو، جسم کی صفائی کی عملی مشق۔	۶
۷۔ کھیل و پی ٹی: باغبانی	کھیل کود و پی ٹی کی آسان مشقیں اور پودوں کی سنچائی	۶
	(انٹرول میں طلبہ مدرسہ ہی میں رہیں گے)	۴۸

نوٹ: اس درجہ میں داخلہ کے لیے طلباء کی عمر ۶ تا ۸ سال ہونی چاہیے۔

درجۂ دوم Class II

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ قرآن مجید	پارہ عم ناظرہ، سورۃ الضحیٰ سے سورۃ الہمزہ تک حفظ۔ مع پچھلا اعادہ	٦
۲۔ دینیات	پچھلے درجہ کے نصاب کا اعادہ، مولانا علی میاں صاحب کی کتاب ''دعائیں'' سے ۱۰ منتخب دعائیں (حفظ) نماز کی عملی مشق	٦
۳۔ تربیتی مضمون:	نور الایمان۔ از حکیم عبد الحی صاحب ہمارا ایمان، حضرت ابو بکرؓ، حضرت عمرؓ، از حکیم شرافت حسین بچوں کو آسان زبان میں اخلاقی کہانیاں سنائی جائیں اچھے قصے، از ڈاکٹر ارشد حسین (استاد کے لیے)	٦
۴۔ اردو	ہماری زبان حصہ اول از دینی تعلیمی کونسل، یا اردو زبان کی پہلی کتاب از مولوی محمد اسمٰعیل میرٹھی، نظمیں یاد کرائی جائیں،	٦
	خوش خطی، نقل نویسی اور املا تختی و کاپی پر۔	٦
۵۔ حساب:	جدید حساب اردو حصہ اول دینی تعلیمی کونسل	٦
۶۔ سماجی علوم:	سمتوں کے نام اور ان کی پہچان، قطب نما، قطب تارہ، اسلامی اور انگریزی مہینوں کے نام، ڈاک خانہ، بینک، تھانہ، اسپتال کے بارے میں زبانی معلومات، صحت و صفائی کے فوائد، ہم کیا کھائیں اور کیسے کھائیں؟ غلط کھانے سے پیدا ہونے والی بیماریاں (زبانی)	٦
۷۔ کھیل و پی ٹی: باغبانی	کھیل کود اور پی ٹی کی آسان مشقیں	٦
		۴۸

(انٹرول میں طلبہ مدرسہ ہی میں رہیں گے)

درجۂ سوم Class III

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ قرآن مجید	سات ابتدائی پارے صحت مخارج کے ساتھ ناظرہ سورۃ القدر سے سورۃ الناس تک حفظ	۶
۲۔ دینیات	پچھلے درجہ کے نصاب کا اعادہ، مولانا علی میاں صاحب کی کتاب ”دعائیں“ سے ۱۲ منتخب دعائیں (حفظ) نماز اور روزہ کی اہمیت وطریقہ، اسلام کی تعلیم از ڈاکٹر مولانا سید عبدالعلی صاحب	۶
۳۔ تربیتی مضمون:	حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، از حکیم شرافت حسین صاحب بچوں کی قصص الانبیاء حصہ اول از لمۃ اللہ تسنیم صاحبہ	۶
۴۔ اردو	ہماری زبان حصہ سوم شائع کردہ دینی تعلیمی کونسل یا اردو زبان کی دوسری کتاب از مولوی محمد اسمٰعیل میرٹھی، ترانۂ ندوہ اور کتاب کی کچھ نظمیں یاد کرانا، قواعد کلمہ اور اس کے اقسام، اسم اور اس کی قسمیں (استاذ سمجھا کر لکھوا دے) نقل نویسی، خوش خطی اور املا کاپی پر	۶
۵۔ حساب:	جدید حساب اردو حصہ دوم دینی تعلیمی کونسل	۶
۶۔ سماجی علوم:	اصطلاحات جغرافیہ، اپنے ضلع کا جغرافیہ، آب وہوا، صنعت وحرفت، اہم مقامات (ضلع کے جغرافیہ پر آسان اردو میں کوئی کتاب)	۳
۷۔ عام معلومات	ابتدائی سائنس حصہ اول (دینی تعلیمی کونسل)	۶
۸۔ ہندی:	ہندی بال پستک پرویشکا از دینی تعلیمی کونسل یا ہماری پوتھی بھاگ ۲ پرائمر	۶
۹۔ پی ٹی وکھیل:	کھیل کود اور پی ٹی کی آسان مشقیں	۳
	(انٹرول میں طلبہ مدرسہ ہی میں رہیں گے)	۴۸

درجۂ چہارم Class IV

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ قرآن مجید	آٹھویں پارہ سے بیسویں پارہ تک صحت مخارج کے ساتھ ناظرہ سورۃ التین سے سورۃ الناس تک حفظ	۶
۲۔ دینیات	پچھلے درجہ کی یاد کی ہوئی دعاؤں کا اعادہ، اذان کے بعد کی دعا، نماز جنازہ کی دعا، اچھی باتیں حصہ چہارم از حکیم شرافت حسین	۶
۳۔ تربیتی مضمون:	بچوں کی قصص الانبیاء حصہ سوم از امۃ اللہ تسنیم صاحبہ	۳
۴۔ اردو	ہماری زبان حصہ سوم از دینی تعلیمی کونسل یا اردو کی تیسری کتاب از مولوی محمد اسمٰعیل میرٹھی، ترانۂ اقبال اور اسی قسم کی دوسری اخلاقی نظمیں یاد کرانا، قواعد صفت ضمیر اور اس کے اقسام، واحد، جمع نقل نویسی، خوش خطی، املا	۶
۵۔ حساب:	جدید حساب اردو حصہ سوم از دینی تعلیمی کونسل	۶
۶۔ سماجی علوم:	صوبہ کا جغرافیہ، جائے وقوع، آب وہوا، پیداوار، صنعت وحرفت تاریخی مقامات (صوبہ کے جغرافیہ پر آسان اردو میں کوئی کتاب)	۳
۷۔ عام معلومات	ابتدائی سائنس حصہ دوم از دینی تعلیمی کونسل	۶
۸۔ ہندی:	بال پستک حصہ اول دینی تعلیمی کونسل یا ہماری پوتھی بھاگ (۳)	۶
۹۔ انگریزی:	Zia English Reader Zero گلوب انگلش یا کوئی دوسری انگلش رائٹنگ کاپی حصہ اول	۶
		۴۸

نوٹ: مکاتب شہر والے ہندی کی کتاب دفتر مکاتب شہر کی ہدایت کے مطابق پڑھائیں۔

(انٹرول میں طلبہ مدرسہ ہی میں رہیں گے)

درجۂ پنجم Class V

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ قرآن مجید	اکیسویں پارہ سے آخر تک صحت مخارج کے ساتھ ناظرہ، سورہ البروج سے سورہ الناس تک حفظ	۲
۲۔ دینیات	پچھلی یاد کی ہوئی دعاؤں کا اعادہ، ادائیگی نماز کی صحت، تعلیم الاسلام از مولانا عبدالحی صاحب، اس کی ساری دعاؤں کا یاد کرنا	۳
۳۔ تربیتی مضمون:	ہمارے حضورؐ، بچوں کی قصص الانبیاء حصہ سوم، از امۃ اللہ تسنیم صاحبہ	۲
۴۔ اردو	ہماری زبان حصہ چہارم از دینی تعلیمی کونسل یا اردو کی چوتھی از مولوی محمد اسمٰعیل میرٹھی۔ قواعد، فعل، تمیز اور ان کے اقسام، مذکر، مونث، مدرسہ شروع ہونے پر پڑھی جانے والی حمد، ترانہ اور اخلاقی نظمیں یاد کرنا، کہاوتیں، ضرب المثل، عبارت میں جگہوں کا پر کرنا، خوشخطی، املا	۲
۵۔ حساب:	جدید حساب اردو حصہ چہارم از دینی تعلیمی کونسل	۲
۶۔ سماجی علوم:	ہندوستان کا جغرافیہ، قدرتی حصہ، آب وہوا، پیداوار، کارخانے، صنعت وحرفت وتاریخی مقامات، تاریخ اسلامی، خلافت راشدہ۔ (از غلام رسول مہرؔ)	۳
۷۔ معلومات عامہ:	ابتدائی سائنس حصہ سوم از دینی تعلیمی کونسل	۲
۸۔ ہندی:	ہماری پوتھی بھاگ (۴) یا ہندی بال پستک دینی تعلیمی کونسل، قواعد تحریری مشق اور املا	۲
۹۔ انگریزی:	Zia English Reader Primer گلوب انگلش یا کوئی اور رائٹنگ کاپی حصہ دوم	۲
نوٹ	درجہ پنجم میں جس طالب علم کا قرآن مجید ختم نہ ہوگا اس کا نتیجہ روکا جائے گا۔	۴۸

(انٹرول میں طلبہ مدرسہ ہی میں رہیں گے)

نوٹ: مکاتب شہر والے ہندی کی کتاب دفتر مکاتب شہر کی ہدایت کے مطابق پڑھائیں۔

درجہ ششم (الأولى الثانوية) Class VI

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۰ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۴۰ منٹ

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ تجوید	حدر کی مشق، یاد کی ہوئی سورتوں کا اعادہ وتجوید	۳
۲۔ دینیات وتربیتی مضمون:	تعلیم الاسلام حصہ دوم وسوم از مفتی کفایت اللہ صاحب رحمت عالم از مولانا سید سلیمان ندویؒ	۳
۳۔ اردو:	ہماری زبان حصہ اول سررشتہ تعلیم یوپی یا اردو کی پانچویں کتاب از مولوی محمد اسمٰعیل میرٹھی، قواعد، پچھلے نصاب کا اعادہ، حروف اور اس کے اقسام، انفرادی واجتماعی نظموں کا یاد کرنا، خطوط نویسی رخصت کی درخواست۔	۶
۴۔ عربی:	(۱) قصص النبیین حصہ اول (مع مشق املا ونقل) (۲) دروس الاشیاء والمحاورۃ العربیہ (مع مشق بات چیت)	۳ ۳
۵۔ انگریزی:	دیکھیں صفحہ نمبر ۱۷	۶
۶۔ ہندی	ہماری پوتھی حصہ ۵، نیا ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی، یا ہندی بال پستک ۲ دینی تعلیمی کونسل	۶
۷۔ سائنس:	ابتدائی سائنس اردو (یوپی بورڈ)	۲
۸۔	ہمارا کرۂ ارض اور ہماری تاریخ وتمدن (حصہ اول)	۶
۹۔	ارتھمیٹک حصہ اول، الجبرا، جیومیٹری حصہ اول (یوپی بورڈ) (اردو میں ہو تو اردو میں ورنہ ہندی میں)	۶
		۴۸

CLASS : SANVIA ULA (VI)

Book (Prose)

- ☆ My English Reader Class VI, Basic Siksha Prishad U.P. (Latest Edition)

Grammar

- ☆ New Light in General English (for Class 6th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

Translation

Do

Essays

1. Our Masjid
2. Our School
3. The Cow
4. The Dog
5. The Horse

درجہ ہفتم (الثانیۃ الثانویۃ) Class VII

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۲۰ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۴۰ منٹ

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ تجوید	مشق تجوید مع ضروری قواعد (حفظ کا نصاب استاذ تجویز کرے)	۳
۲۔ دینیات وتربیتی مضمون:	تعلیم الاسلام حصہ چہارم از مفتی کفایت اللہ صاحب مثالی حکمراں از مولانا عبدالسلام قدوائی ندوی	۳
۳۔ عربی زبان:	(۱) قصص النبیین حصہ دوم (۲) القراۃ الراشدہ حصہ اول (۳) عربی املا اور عربی بولنے ولکھنے کی مشق از المحاورۃ العربیۃ	۳ ۳
۴۔ عربی قواعد:	(الف) صرف: تمرین الصرف مع مشق (ب) تمرین النحو مع مشق	۳ ۳
۵۔ اردو:	مولوی اسمٰعیل میرٹھی کی ''اردو کی پانچویں'' سے نظم ونثر کے دس منتخب اسباق، قواعد: جملہ اجزاء مبتدا، خبر، فاعل، فعل، مفعول، ترکیب نحوی، نظم خوانی: بیت بازی کے لیے اشعار یاد کرنا، خطوط نویسی، مضمون نگاری	۳
۶۔ فارسی:	صفوۃ المصادر، فارسی کی پہلی کتاب مع مشق بول چال وترجمہ	۳
۷۔ انگریزی:	دیکھیں صفحہ نمبر ۱۹	۲
۸۔ سائنس:	ابتدائی سائنس (۲) اردو (یوپی بورڈ)	۶
۹۔ سماجی علوم:	ہماری تاریخ وتمدن حصہ دوم، ہمارا کرۂ ارض حصہ دوم، ہندی ہفتہ میں ایک بار	۶
۱۰۔	ارتھمیٹک حصہ دوم، الجبرا جیومیٹری حصہ دوم (بورڈ کی کتاب اردو یا ہندی)	۲

(الحاقی مدارس میں جہاں سائنس کی تعلیم کی سہولت نہیں باجازت دارالعلوم سائنس کے بجائے سماجی علوم یعنی جغرافیۂ عالم، مختلف براعظموں کے جائے وقوع، نقشہ میں اہم ممالک مع دارالسلطنت۔ اور اسلامی تاریخ میں: ہندوستان میں مسلمانوں کی آمد سے بہادر شاہ ظفر تک از ہندوستان کی کہانی مؤلفہ مولانا عبدالسلام قدوائی ندوی)۔

CLASS : SANVIA SANIA (VII)

Book

☆ My English Reader Class VII, Basic Siksha Prishad U.P. (Latest Edition)

Grammar

☆ New Light in General English (for Class 7th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

Translation

Do

Essays

1. The Last Propet
2. Great Leader
3. My School
4. The Lion
5. The Peacock
6. The Policeman

خصوصی معہد Preparing for C.VIII

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۲۰ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۴۰ منٹ

۱	دروس الاشیاء	۳
۲	القراءۃ الراشدۃ اول	۳
۳	انگریزی (دیکھیں صفحہ ۲۱ پر)	۶
۴	تمرین الصرف	۶
۵	تمرین النحو	۶
۶	تجوید	۳
۷	دینیات	۳
۸	قصص النبیین اول، دوم + اردو	۶
۹	ہندی + سماجی علوم	۶
۱۰	سائنس وحساب	۶
		۴۸

خصوصی معہد

اس درجہ میں ان طلبہ کا داخلہ لیا جاتا ہے جو کسی دوسرے ادارہ سے حفظ مع دور کر چکے ہوں۔ اور ان کی عمریں ۱۷ سال سے زائد نہ ہو، اور وہ اردو لکھنا پڑھنا اچھی طرح جانتے ہوں۔ دس تک پہاڑے یاد ہوں، سادہ حساب لگا لیتے ہوں۔

CLASS : KHUSUSI MAHAD

(VI-VII)

Book

☆ My English Reader,ClassVII Basic Siksha Prishad U.P. (Latest Edition)

Grammar

☆ New Light in General English (for Class 6th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

Translation

Do

Essays

1. Our Mosque
2. Our School
3. The Cow
4. The Dog
5. The Horse

درجہ ہشتم (الثالثۃ الثانویۃ) Class VIII

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۲۰ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۴۰ منٹ

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ تجوید	(پہلی ششماہی) تسہیل التجوید مع مشق از سورہ فاتحہ بالترتیب (دوسری ششماہی) مظہر التجوید مع مشق مختلف سور۔	۳
۲۔ دینیات وتربیتی مضمون:	تعلیم القرآن از مولانا محمد اویس صاحب ندوی	۳
۳۔ عربی زبان:	(۱) قصص النبیین حصہ سوم وحصہ چہارم نصف الاول	۳
۴۔ معلم الانشاء:	(۲) القراءۃ الراشدۃ، حصہ دوم	۳
	حصہ اول ۳۰ تمرینیں۔	۳
۵۔ صرف:	کتاب الصرف مع زبانی مشق	۲
۶۔ نحو:	کتاب النحو مع زبانی مشق	۲
۷۔ فارسی:	گلزار دبستاں۔ فارسی کی دوسری (تحریری مشق کے ساتھ)	۳
۸۔ انگریزی:	دیکھیں صفحہ نمبر ۲۳	۲
۹۔ سائنس:	ابتدائی سائنس حصہ ۳/اردو (یوپی بورڈ) صرف اصطلاحات کی تعریف، تعریف کی تفہیم کے لئے لیبورٹیری کا استعمال)	۳
۱۰۔ الجبرا جیومیٹری	حصہ سوم	۳
۱۱۔	ہمارا کرہ ارض حصہ سوم، ہماری تاریخ وتمدن حصہ سوم ہفتہ میں ایک دن ہندی (ا)	۲

(الحاقی مدارس میں جہاں سائنس کی تعلیم کی سہولت نہیں ہے وہاں باجازت دار العلوم بجائے سائنس، سماجی علوم یعنی ’جغرافیہ: جزیرۃ العرب کا مختصر تعارف بذریعہ نوٹس (کتاب برائے استاذ ”جزیرۃ العرب“ مؤلفہ مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی) (۲) تاریخ (۳) تمدن:

انگریزوں کی آمد سے حصول آزادی تک از ”ہندوستان کی کہانی“

ملک کے نظم ونسق کا مختصر تعارف نوٹس کے ذریعہ، کتاب برائے استاذ ’ہماری تاریخ وتمدن‘ (یوپی بورڈ)

CLASS : SANAVIA SALISA (VIII)

Book

- ☆ My English Reader (Class VIII), Basic Siksha Prishad U.P. (Latest Edition)

Grammar

- ☆ New Light in General English (for Class 8th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

Translation

Do

Essays

1. Our Prayers
2. My Neighbour
3. Railway Journey
4. My Best Teacher
5. My Mother / Father
6. Farmer

اعدادیہ Preparing for VII & VIII

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۲۰ منٹ کا انٹرول) (ہر گھنٹہ ۴۰ منٹ کا)

۱	قصص النبیین ۱، ۲، ۳، ۴ (رابع نصف اول)	۶
۲ ۳	دروس الاشیاء اردو نقل واملا مولوی محمد اسماعیل میرٹھی کی اردو کی چوتھی کتب مع نقل واملا	۶
۴	القراءۃ الراشدۃ اول، دوم	۶
۵	انگریزی (دیکھیں صفحہ ۲۵) + ہفتہ میں ایک روز ہندی	۶
۶	صرف تمرین الصرف وکتاب الصرف	۶
۷	نحو تمرین النحو وکتاب النحو	۶
۸	التعبیر	۶
۹	ہماری تاریخ وتمدن حصہ اول، ہمارا کرۂ ارض حصہ اول	۶
		۴۸

اعدادیہ

اس درجہ میں داخلہ صرف انہیں طلبہ کا ہوتا ہے جو دار العلوم ندوۃ العلماء کے شعبہ حفظ سے فراغت حاصل کرتے ہیں۔

CLASS : ADADIYAH

Book

- ☆ My English Reader (Class VII), Basic Siksha Prishad U.P. (Latest Edition)

Grammar

- ☆ New LIght in General English (for Class 7th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

Translation

Do

Essays

1. Holy Quraan
2. Cow
3. My Teacher
4. My School
5. The Postman

سال نہم Class IX

الرابعة الثانوية

٤٨ حصة أسبوعياً كل حصة ٤٠ دقيقة

الموضوع	المقررات	عدد الحصص في الأسبوع
السيرة النبوية:	قصص النبيين ج ٤ نصف آخر و ج ٥ كاملاً	٦
الفقه:	الفقه الميسر	٦
الإنشاء:	على مستوى الجزء الأول من معلم الانشاء والتمرين	٦
اللغة العربية:	القراءة الراشدة الجزء الثالث(١) مع التمرينات الشفوية	٦
النحو العربي:	هداية النحو(٢) مع التمرينات الشفوية	٦
الصرف العربي:	علم التصريف(٣)	٦
الانجليزية:	صفحہ نمبر ۲۸ پر دیکھئے	٦
العلوم المؤسسة	ہمارا کرۂ ارض حصہ اول، ہماری تاریخ و تمدن حصہ اول، ہفتہ میں ایک روز ہندی	٦
		٤٨

للمطالعة والاختبار:

قصص من التاريخ الاسلامي للأطفال ـ للشيخ أبي الحسن علي الحسني الندوي

(١) على المدرس الإكثار في التمارين وشرحها على السبورة

(٢) يعتني المدرس بإفهام الطلبة أصول القواعد من خلال التمارين ويستعين من كتاب النحو الواضح للصفوف الابتدائية۔

(٣) يعتني المدرس بتأهيل الطلبة لفهم نصوص الصرف مثل شذى العرف۔

CLASS : SANVIA RABIAH (IX)

Book

- ☆ My English Reader (Class IX), Basic Siksha Prishad U.P. (Latest Edition)

Lessons (Prose)

2. Marco Polo
4. Playing the Game
6. The Man in the Train
7. Golden Bowl
9. The Rules of the Road

Exercise

- ☆ 1st Five Questions from each Lesson & All Exercise.

Grammar

- ☆ New Light in General English (for Class 9th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

Translation

Do

Essays

1. Library
2. A Journey By Train
3. My Favourite Teacher
4. your Favourite Game

سال دہم Class X

الخامسة الثانوية

٤٨ حصة أسبوعياً — كل حصة ٤٠ دقيقة

الموضوع	المقررات	عدد الحصص في الأسبوع
الحديث	تهذيب الأخلاق	٣
الفقه:	القدوري بحذف بعض الأبواب (١)	٦
النصوص الأدبية:	منثورات من أدب العرب(٢) للشيخ محمد الرابع الحسني الندوي، مع تحفيظ جميع الأبيات، وباب الأسد والثور من كليلة ودمنة لعبد الله ابن المقفع مع التمرين النحوى	٦
الترجمة والانشاء:	على مستوى معلم الإنشاء الجزء الثاني (النصف الأول)	٤
التاريخ الاسلامى	عصر الخلفاء الراشدين وبنى أمية (٣)	٣
النحو	شرح قطر الندىٰ مع التمرينات	٨
الصرف:	شذى العرف(٤) مع التمرينات كاملاً	٨
الإنجليزية:	انظر الصفحة التالية	٤
الجغرافية:	ہمارا کرۂ ارض حصہ دوم (۳) ہندی	٦

للمطالعة والاختبار: صور من حياة الصحابة

للدكتور عبد الرحمن رأفت باشا ج١، ٤٨

---

(١) يدرس الكتاب من كتاب البيوع بحذف كتاب اللقيط، الخنثىٰ، المفقود، الاباق، المأذون، العتاق، التدبير، الاستيلاد، المكاتب، الولاء، الفرائض۔

(٢) يمرن الأستاذ الطلبة على تطبيق قواعد الصرف والنحو علىٰ عبارة الكتاب وفهم وجوه الإعراب والصيغ والأبواب ويأمرهم بتسجيل المفردات بتفصيل الأسماء والأفعال في دفاترهم۔

(٣) من كتاب الشيخ عبدالسلام القدوائي الندوي

(٤) مع التمرينات الإضافية۔

CLASS : SANVIA KHAMISA (X)

Book

☆ My English Reader (Class X), Basic Siksha Prishad U.P. (Latest Edition)

Lessons (Prose)

1. Foot Prints Without Feet
2. Socrate
3. On Saying 'Please'
4. Torch Bearers
5. Tiger Trouble

Exercise

☆ 1st Five Questions from each Lesson & All Exercise

Poetry

☆ All Poems.

Grammar

☆ New Light in General English (for Class 10th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

Translation: Do

Essays

1. Your Hobby
2. Discipline
3. Rainy Season

Class: Sanavia Sadisa XI

السادسة الثانوية

٤٨ حصة أسبوعياً كل حصة ٤٠ دقيقة

الموضوع	المقررات	عدد الحصص في الأسبوع
التجويد		٢
التفسير	سور مختارة: الأعراف، يونس، هود، يوسف، الرعد، إبراهيم، مريم، طٰه، الأنبياء، الشعراء، النمل، القصص۔	٦
الحديث	رياض الصالحين (للامام النووى)	٦
الفقه	شرح الوقاية	٦
الأدب العربى	منثورات من أدب العرب والشعر	٦
النحو	شرح شذورالذهب	٦
التعبير	تمرينات و كتابة موضوعات	٤
اللغة الهندية		١
المعارف العامة	تعريف علوم الطبيعة، و أنواعها المختلفة : (الف) الطبيعيات و أنواعها، (ب) علم الكيمياء و فروعه المختلفة (ج) علم الحيوانات و أنواعه و مبادئ أساسية	٢
الإنجليزية		٣

للمطالعة و الاختبار:

صور من حياة الصحابة للدكتور عبد الرحمن رافت باشا، ج ٢، ٣، ٤

الملاحظة:

على المدرسين أن يطالعوا في موضوع :Physics, Chem, Biology الكتب التي قررتها الحكومة لمستوى المدرسة العالية ۔

CLASS : SANVIA SADISAH (XI)

Book

- ☆ Decent English Reader (Book One)

Lessons (Prose)

1. Sulayman (A) and The Queen of Sheeba
3. Golden words of the Prophet.
4. Ideal Manners of the Prophet
9. Burn All the Ships.
10. Emam Bukhari and his books.

Exercise

- ☆ 1st Five Questions from each Lesson.

Poetry

- ☆ Decent English Reader

  All the poems of Section One (5 Poems)

Grammar

- ☆ New Light in General english,(for class XI)

Translation

Do

Essays

1. Your School
2. Your Favourite Game
3. Your Favourite Personality

نصاب درجات خصوصی

دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ

مدت تعلیم صرف پانچ سال

اس مرحلۂ تعلیمی میں داخلہ حاصل کرنے کے لیے حسب ذیل شرائط ہیں:

۱۔ ہندوستانی طالب علم کم از کم انٹرمیڈیٹ ورنہ بی.اے ہو۔

۲۔ بیرونی ممالک کے طلباء کے لیے جن کے یہاں انگریزی زبان کا رواج عام ہو صرف اتنا کافی ہے کہ وہ انگریزی بولنے لکھنے میں مہارت رکھتے ہوں، معمولی جانچ کے بعد ان کو خصوصی میں داخلہ کی اجازت مل سکے گی لیکن اردو سے واقفیت نہ ہوگی تو ایک سال صرف اردو کی تعلیم دی جائے گی۔

۳۔ درجہ خصوصی سوم کے کامیاب طلباء کو درجہ عالیہ ثالثہ دارالعلوم میں داخلہ ملتا ہے۔

درجہ خصوصی سال اول (۱)

پہلی ششماہی

۱	قصص النبیین حصہ اول، دوم	۶
۲	الصرف	۶
۳	النحو (۲)	۶
۴	المحاورۃ العربیۃ	۳
۵	نحو وصرفی مشق، اردو مشق واملا	۹
۶	التعبیر	۳
	تجوید	۳

دوسری ششماہی

۱	قصص النبیین حصہ سوم	۶
۲	القراءۃ الراشدۃ اول، دوم	۶
۳	عربی بولنے کی مشق، نحوی وصرفی مشق	۳
۴	الصرف (علم التصریف)	۱۲
۵	النحو (کتاب النحو) وتجوید	۱۲
۶	التعبیر، اردو مشق واملا	۳
		۴۲

(۱) درس کے علاوہ خارج اوقات میں تصحیح تلاوت قرآن مجید، مع ضروری تجوید وحفظ سور قصار واوساط مفصل۔

(۲) استاد صرف ونحو کے اسباق کتاب الصرف، النحو الواضح اور عربی زبان کے دس سبق کی مدد سے تیار کرے گا۔

(۳) استاد طلبہ کی استعداد کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایسے جملے مرتب کریں گے جن سے بولنے کی مشق ہو۔

مطالعہ: مطالعہ: تاریخ اسلامی (عہد نبوی اور خلافت راشدہ)

درجہ خصوصی سال دوم

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ تفسیر قرآن مجید	سورہ مختارہ مطابق نصاب عالیہ اولیٰ اعراف، یونس، ہود، یوسف، الرعد، ابراہیم، الحجر، النحل، مریم، طٰہٰ، الأنبیاء، الشعراء، النمل، القصص، العنکبوت	۶
۲۔ حدیث نبویؐ:	تہذیب الأخلاق یا ریاض الصالحین، ومقدمہ مشکاۃ	۵
۳۔ سیرۃ نبویہ:	قصص النبیین رابع وخامس	۲
۴۔ عربی زبان وادب	القرءۃ الراشدۃ ج ۳ (منتخب اسباق) منثورات (منتخب اسباق)	۲
۵۔ صرف:	شذی العرف	۲
۶۔ نحو:	قطر الندی	۲
۷۔ فقہ:	قدوری کاملاً	۵
۸۔ انشاء:	درجہ کے مطابق	۲
		۳۲

۹۔ للمطالعة والاختبار:

(١) قصص من التاريخ الإسلامي للشيخ أبي الحسن علي الحسني الندوي

(٢) التاريخ الاسلامى : العصر الأموى

درجہ خصوصی سال سوم

موضوع	مضامین نصاب	ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد
۱۔ تفسیر القرآن مجید	سورہ مختارة، مطابق عالیہ ثانیہ	۵
۲۔ حدیث نبویؐ:	مشکوۃ المصابیح ج ۱و۲	۱۲
۳۔ اصول الحدیث	شرح نخبہ	۲
۴۔ فقہ:	الہدایہ ج ۱و۲، (یا الفقہ الشافعی)	۱۰
۵۔ عربی زبان وادب	مختارات اول، دوم (منتخب اسباق) وحماسہ ابی تمام (منتخب اشعار)	۶
۶۔ انشاء:	معلم الانشاء دوم	۳
۷۔ البلاغة:	البلاغة الواضحة	۳
۸۔ العقیدة	العقیدة السنیة	۱
		۴۲

۹۔ للمطالعة والاختبار:

(١) إذا هبت ريح الإيمان، للشيخ أبي الحسن علي الحسني الندوي

(٢) التاريخ الاسلامى: العصر العباسى

نوٹ: خصوصی چہارم اور خصوصی پنجم کا نصاب تقریباً وہی ہے جو عالیہ ثالثہ شریعہ اور عالیہ رابعہ شریعہ کا ہے، اس لیے خصوصی سوم میں کامیاب ہونے والا طالب علم عالیہ ثالثہ میں داخل ہوگا۔